دعاؤں، ذکر الٰہی اور عبادات کے روح پرور ماحول میں تین دن گزارنے کے بعد

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ کا نوّے واں جلسہ سالانہ کامیابی و خیر و خوبی سے اختتام پذیر ہو گیا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے روح پرور خطابات نے دلوں کو گرما دیا

۲۲۰۰۰ کے لگ بھگ مرد و زن کی پاکستان اور دنیا کے کونے کونے سے شرکت

۲۷ ممالک کے نمائندہ مرد و زن نے بھی جلسہ سالانہ میں شریک ہو کر علوم و معارف سے حصہ پایا

ربوہ: ۲۸ فتح دسمبر۔ جماعت احمدیہ کا ۹۰ واں خلافت ربوہ کے بابرکت و باسعادت دور کا پہلا جلسہ سالانہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کی تائید و نصرت سے ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر ۱۹۸۲ء کو مرکز سلسلہ ربوہ میں عبادات، نماز نوافل، نماز تہجد اور ذکر الٰہی کے روح پرور ماحول میں تین دن تک جاری رہنے کے بعد کامیابی و کامرانی سے اختتام پذیر ہو گیا الحمد للہ۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اس جلسے میں شریک ہونے والے مرد و زن بچوں اور بڑوں کی تعداد دو لاکھ بیس ہزار کے لگ بھگ تھی۔ جلسہ سالانہ کے تینوں روز دور و نزدیک سے آئے ہوئے احباب کرام نے اپنے محبوب آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے روح پرور خطاب سنے۔ حضور کا پہلا خطاب جلسہ سالانہ کا افتتاحی خطاب تھا جو ۲۶ دسمبر کو ہوا اور قریباً ایک گھنٹہ جاری رہا۔ حضور کا دوسرا خطاب جلسہ کے دوسرے دن ۲۷ دسمبر دوسرے اجلاس میں ہوا جو تقریباً پونے دو گھنٹے جاری رہا۔ تیسرا خطاب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا اختتامی خطاب تھا جو ۲۸ دسمبر کو دوسرے اجلاس میں شروع ہوا اور دو گھنٹے اکیس منٹ تک جاری رہا۔ اس وقت مغرب کا وقت ہو چکا تھا۔ گہرے ابر، ہلکی بوندا باندی اور خنک ہوا کے باعث شدید سردی کا عالم تھا مگر ہزاروں ہزار احمدی مرد اور خواتین بڑے سکون اور توجہ سے بیٹھے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے وجد آفریں و روح پرور خطاب کو سنتے رہے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۲۷ دسمبر کو دن کے گیارہ بجے زنانہ جلسہ گاہ میں خطاب فرمایا۔ حضور کا یہ خطاب بھی قریباً ایک گھنٹہ جاری رہا۔ یہ نہایت زبردست جلالی خطاب تھا جس نے دلوں کو ہلا کر رکھ دیا۔

اس جلسہ سالانہ کی ایک یادگار بات یہ تھی کہ جلسہ کے آخری دن پہلے اجلاس کے وقت بارش ہوتی رہی ہر چند کہ ہزاروں احباب بارش میں شرابور جلسہ گاہ کی طرف کھنچے چلے آئے تھے تاہم شدید بارش کی وجہ سے اس روز جلسہ کی کارروائی تاخیر سے شروع ہوئی۔ مگر جونہی بارش کا زور تھما، اور ابھی بارش بند نہیں ہوئی تھی کہ ہزاروں ہزار احمدی اپنی قیامگاہوں سے نکل کر جلسہ گاہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ اور جلسہ کی کارروائی بارش میں شروع ہو گئی اور پہلے اجلاس کے تینوں تقریریں معمول کے مطابق ہوئیں۔

اس دفعہ کے جلسہ سالانہ میں پاکستان کے احمدی احباب کے علاوہ ۲۷ ممالک کے نمائندگان بھی شامل ہوئے۔ ممالک بیرون سے تعلق رکھنے والے ان مہمانوں کے لیے امسال بھی حسب سابق انگریزی اور انڈونیشین زبانوں میں ترجمہ کا انتظام تھا۔ یہ انتظام مردانہ جلسہ گاہ میں بھی تھا اور زنانہ جلسہ گاہ میں بھی تھا۔

اس جلسہ سالانہ میں جن مقررین نے تقریریں کیں ان کے اسماء اور تقاریر کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد بعنوان "اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا اسلامی تصور"، محترم حافظ مظفر احمد صاحب "غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم"، محترم مسعود احمد صاحب دہلوی ایڈیٹر الفضل "عیسائیت کی عالمگیر سرگرمیاں عالم اسلام کے لیے لمحہ فکریہ"۔ محترم مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ "احمدیت۔ عافیت کا حصار"، محترم مولانا نسیم سیفی صاحب "اشاعت اسلام زمین کے کناروں تک"، محترم سلطان محمود انور صاحب "خاتمیت محمدیہ کی عظیم تجلیات"، محترم مولانا عبد المالک خان صاحب "صداقت حضرت مسیح موعود از روئے قرآن"، محترم مولوی عبد السلام صاحب طاہر "تفسیر آیت استخلاف"، محترم مولانا محمد شفیع صاحب اشرف "سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ"، محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب "ہجرت حضرت مسیح علیہ السلام"۔ محترم مرزا عبد الحق صاحب "ذکر حبیب علیہ السلام"۔

جلسہ سالانہ کے اجلاسات کے علاوہ جلسہ کے دنوں میں متعدد دیگر پروگرام بھی منعقد ہوئے چنانچہ امسال جلسہ کے اوقات ختم ہونے کے بعد شام کو نظارت اصلاح و ارشاد کے تحت شعبہ اجلاس مسجد اقصیٰ میں منعقد ہوا۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے شعبہ تحریک جدید کے تحت مختلف زبانوں کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کئی ملکوں کی زبانوں میں تقاریر کی گئیں۔ اس کے علاوہ ڈاکٹروں، آرکیٹیکٹس و انجینئروں اور طلباء کے اجلاسات منعقد ہوئے۔ سوال و جواب کی دو محافل مختلف جگہوں پر منعقد ہوئیں۔ مجالس خدام الاحمدیہ و انصار اللہ نے اپنے قائدین و زعماء کے اجلاسات منعقد کروائے۔ نظارت اصلاح و ارشاد کے تحت احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں ایک تبلیغی نمائش لگائی گئی جس میں چار شی

(مسلسل صفحہ ۲ پر)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اظہار خوشنودی

حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد بشارت سپین کے افتتاح کے موقعہ پر مختلف ممالک سے تشریف لانے والے مبلغین کو ہدایت فرمائی تھی کہ وہ اپنے اپنے ممالک میں جا کر تبلیغی و تربیتی اور بعض دیگر تنظیمی امور سے تعلق رکھنے والی پلاننگ کمیٹیاں بنا کر رپورٹیں بھجوائیں۔ حضور کی ہدایت کے مطابق مبلغین کی طرف سے رپورٹیں آ رہی ہیں۔ مبلغ انچارج گھانا مکرم عبد الوہاب بن آدم صاحب کی طرف سے آمدہ رپورٹوں پر حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا ہے۔ احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جملہ سکیموں کو پایۂ تکمیل پہنچائے۔

(وکیل التبشیر)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۷ / ۷۲ — ہفتہ ۱۵ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ — یکم صلح ۱۳۶۲ ہش — یکم جنوری ۱۹۸۳ء — نمبر ۱

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کے ذریعہ جماعت احمدیہ کی تاریخ، اختلافی مسائل، جماعت احمدیہ کے بزرگان، اہم واقعات اور جماعت احمدیہ کے کارہائے نمایاں کو واضح کیا گیا تھا۔

گذشتہ جلسہ ہائے سالانہ کی طرح اس جلسہ کی اہم ترین خصوصیت احباب جماعت کی اپنے محبوب امام سے ملاقات تھی۔ جماعت کے ہزاروں احباب نے جلسہ سالانہ کے اوقات کے علاوہ صبح اور شام اور رات گئے تک قطاروں میں بڑے نظم و ضبط کے ساتھ اپنے آقا سے ملاقات اور مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ ۲۵ر دسمبر کی شام سے ہی شروع ہو گیا اور ۲۹ر دسمبر تک جاری رہا۔ پاکستان کے احباب کے علاوہ حضور نے ممالک غیر سے آئے ہوئے احمدی مرد و زن سے بھی ملاقات کی اور ان کو مختصر نصائح سے بھی نوازا۔

ممالک بیرون کی پہلی مجلس شوریٰ

جلسہ سالانہ کے بعد ۳۰ر دسمبر ۱۹۸۲ء کو اس بار جماعت احمدیہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ صرف ممالک بیرون کے نمائندوں پر مشتمل مجلس شوریٰ سرائے فضل عمر (گیسٹ ہاؤس تحریک جدید) میں منعقد ہوئی۔ اسمیں ۲۴ ممالک کے نمائندگان مرد و زن نے شمولیت کی۔ اس میں جماعت احمدیہ کی تاریخ میں پہلی بار دو خواتین نے بھی حضور ایدہ اللہ کی اجازت اور ارشاد پر پردے کے پیچھے سے اپنی آراء کا اظہار کیا۔

اس جلسہ کی بھی حسب سابق رنگین متحرک ویڈیو VDO فلم تیار کی گئی۔

معاونین خصوصی بیرون پاکستان

سویڈن سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے تازہ ارشادات کی روشنی میں ایک اور دوست مکرم مصطفےٰ کامل صاحب آف مالمو نے تحریک جدید میں ۱۲۰۰ کرونز کا وعدہ کر کے "معاونین خصوصی" میں شامل ہونے کی توفیق پائی ہے۔ دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس قربانی کو قبول فرمائے اور ان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔ آمین۔

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید)

دعائے مغفرت

محترمہ طالعہ بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب مرحوم درویش مورخہ ۱۶ر دسمبر ۱۹۸۲ء ساڑھے دس بجے صبح میرپور سندھ میں وفات پا گئیں۔ آپ چونکہ موصیہ تھیں اس لیے آپ کی میت ربوہ لائی گئی جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مورخہ ۱۸ر دسمبر کو بعد نماز ظہر مسجد مبارک میں آپ کی نماز جنازہ پڑھائی مقبرہ بہشتی میں تدفین عمل میں آنے پر جناب میر مسعود احمد صاحب مبلغ ڈنمارک نے دعا کرائی۔

مرحومہ ۱۹۱۱ء میں قادیان کے نزدیک موضع سٹھیالی میں چوہدری فتح محمد صاحب کے ہاں پیدا ہوئی تھیں، آپ کی شادی حضرت چوہدری خدا بخش صاحب ساکن گاں والی کے بیٹے چوہدری عبدالحمید مرحوم سے ہوئی جو ۱۹۴۷ء میں قادیان میں ہی بطور درویش مقیم ہو گئے تھے جبکہ مرحومہ تنہا اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو لے کر پاکستان آ گئیں۔ یہاں آ کر آپ پہلے تو جھنگ مگھیانہ میں مقیم ہوئیں اور پھر مستقل طور پر ۱۹۴۹ء میں ربوہ آ کر آباد ہو گئیں اس بے سروسامانی کے باوجود آپ نے اپنے بڑے بیٹے چوہدری غلام احمد مرحوم (فارس سروس سٹیشن فیصل آباد) کو وقف کیا۔ بعد میں چار سال اپنے خاوند کے ساتھ قادیان میں مقیم رہیں۔

نہایت مخلص۔ وفادار۔ سخی۔ متوکل علی اللہ اور صابر خاتون تھیں۔ اپنے بڑے بیٹے اور خاوند کی وفات کے صدمات بڑے صبر سے برداشت کیے۔ گزشتہ چھ سال سے بیمار تھیں اور اپنی بیٹی نعیمہ بیگم اہلیہ چوہدری عبدالرحمٰن حال کوئٹہ کے پاس مقیم تھیں۔ وفات سے صرف ایک ماہ پہلے ڈاکٹری مشورہ کے مطابق آپ کو میرپور سندھ لایا گیا جہاں آپ اپنی دوسری بیٹی صفیہ بیگم اہلیہ چوہدری محمد اسلم صاحب کے پاس ٹھہریں۔ اور یہاں ہی آپ کی وفات ہوئی۔ وفات کے وقت آپ کے چھوٹے بیٹے چوہدری عبدالسمیع آف کوپن ہیگن ڈنمارک آپ کے پاس موجود تھے جبکہ دوسرے بیٹے چوہدری عبدالباری ڈنمارک میں اور ایک بیٹی امۃ اللہ امریکہ میں تھے۔ یہ دونوں جنازہ پر بھی نہ پہنچ سکے۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان اور لواحقین کو صبر عطا کرے۔ آمین

(نصیر احمد ابن چوہدری غلام احمد صاحب دارالرحمت وسطی ربوہ)

درخواستِ دعا

مکرم و محترم ڈاکٹر قیس مینائی صاحب کافی دیر سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ صحت کمزور ہو گئی ہے احباب کرام خاص توجہ اور درد سے ڈاکٹر صاحب موصوف کی صحت یابی کے لیے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو برکتوں والی طویل زندگی عطا کرے آمین۔

راولپنڈی کے احباب کے لیے ضروری اعلان

بعض حالات کی بناء پر راولپنڈی کی ایجنسی مجبوراً بند کر دی گئی ہے اس لیے احباب کی خدمت میں درخواست ہے کہ جو دوست وہاں لوکل ایجنٹ سے پرچہ لیا کرتے تھے وہ آئندہ دفتر الفضل سے رابطہ پیدا کریں اور وہاں سے اخبار جاری کروائیں۔

سالانہ چندہ	۱۲۵/- روپے	ششماہی چندہ	۶۴/- روپے
سہ ماہی "	۳۳/- "	خطبہ نمبر	۳۵/- "

(مینیجر الفضل ربوہ)

ماہانہ رپورٹ کارگزاری مجالس انصاراللہ گیمبیا مغربی افریقہ

(تلخیص ناصر احمد نائب قائد مجالس بیرون)

تجنید رپورٹ مرسلہ نائب صدر صاحب مجالس انصاراللہ گیمبیا مورخہ ۱۱/۱۲/۸۲ کے مطابق گیمبیا میں مقامی طور پر مجلس انصاراللہ کی تجنید کا کام شروع ہے شرح کے مطابق چندہ۔ اجتماع اور اشاعت کی طرف بھی اراکین مجلس کو توجہ دلائی گئی ہے۔ ماہ اکتوبر میں چندہ مجلس ۸۰ دلاسے سے زائد موصول ہو چکا ہے۔

تعلیم و تربیت تعلیم القرآن کے دو مراکز قائم ہو چکے ہیں جہاں بچے اور بڑے ناظرہ القرآن اور قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔

۱۔ مشن ہاؤس سنٹر میں چالیس بچے بچیاں اور تین بڑی عمر کے دوست شامل ہیں۔

۲۔ دوسرا مرکز لائرے کنڈا میں قائم کیا گیا ہے۔ جہاں تیس بچے بچیاں پڑھ رہے ہیں۔

مشن ہاؤس سنٹر میں ہمارے مقامی مبلغ مکرم ابوبکر طورے صاحب اور لائرے کنڈا مرکز میں مکرم مرزا عبدالحق صاحب پڑھاتے ہیں۔

تبلیغ تبلیغ کے لئے مجلس مذاکرہ کی طرز پر ہفتہ وار پروگرام بنایا گیا ہے جس کے مطابق ۱۲ر دسمبر ۱۹۸۲ء تک ۶ مختلف مقامات پر جو درج ذیل ہیں ایسی مجلس کے انعقاد کی تجویز کی گئی ہے اور اس کے مطابق عمل ہو رہا ہے۔

تاریخ	Place (at the House of)
۱۴-نومبر-۱	Brikelbe Kalley.
۲۰ " ۲۱	" Tijan Bulukh Fom (President Jmaat)
۳۰ " ۲۸	" Sarjo Fofana.
۴ " ۱۲	" Alieu M. Bah (Financial Security)
۵ " ۱۹	" Al-Hilan Singhatah.
۶ " ۲۶	" Lalo Dramah.

پیر محل میں مجلس مذاکرہ کا کامیاب پروگرام

۲۹ر نومبر کو عشرہ اصلاح و ارشاد کے تحت جماعت احمدیہ پیر محل نے مسجد احمدیہ پیر محل میں مجلس مذاکرہ کا انعقاد کیا جو کہ بہت کامیاب رہا۔ مرکز سے مکرم مولوی محمد اسمٰعیل صاحب منیر (دفتر اصلاح و ارشاد مقامی) تشریف لائے تھے۔ جنہوں نے نماز عصر کے بعد مدعو غیر از جماعت احباب کے سوالات کے جوابات دیئے اور اسی روز نماز مغرب کے بعد بیرونی ممالک میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی مساعی تصویری زبان میں دکھلائی گئیں۔ جس میں کیصد سے اوپر غیر از جماعت احباب نے شرکت اختیار کی اور جماعت کے متعلق ایک اچھا اثر لے کر گئے اور بعد میں بہت اچھے تاثرات ان کی طرف سے موصول ہوئے۔ جملہ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس حقیر سی کوشش میں برکت ڈالے اور ان لوگوں کے دل ہماری طرف پھیر دے آمین

(حنیف احمد محمود مربی جماعت احمدیہ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ)

قائدین کرام و سیکرٹریان جماعتہائے احمدیہ

"وقف جدید دفتر اطفال" کا جو چندہ بھی وصول ہو ساتھ ساتھ خزانہ صدر انجمن احمدیہ کو ارسال کرتے جائیں۔ خواہ یہ رقم چند روپوں پر ہی مشتمل ہو تاصحیح صورتحال سامنے آ سکے۔

(سیکرٹری وقف جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مجاہدین تحریک جدید دفتر اوّل کے بارے میں ایک ضروری وضاحت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے ارشادات بابت مجاہدین دفتر اوّل کی تعمیل میں جو جماعتوں کو دفتر ہذا کی طرف سے دفتر اوّل کے مجاہدوں کی فہرست بھجوائی گئی ہے جس سے مراد یہ ہے کہ اس قابلِ احترام طبقہ میں سے جو افراد اپنے مولیٰ کریم کو پیارے ہو چکے ہیں۔ ان کے لواحقین توجہ فرمائیں۔ اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی روشنی میں مرحومین کی قربانیوں کا تسلسل قائم رکھیں۔ اس سے کہیں بھی متبرشح نہیں ہوتا کہ وہ بقایا داروں کی فہرست ہے جیسا کہ ضلع جہلم سے آمدہ ایک چٹھی میں اظہار کیا گیا ہے۔ براہ کرم فہرست کے ساتھ جو سرکلر کے الفاظ ہیں وہ بغور مطالعہ فرمائے جائیں اور مرحوم احباب کے لواحقین کو تحریک کریں کہ وہ اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو دوبارہ زندہ کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اس بابرکت تحریک میں کما حقہ حصہ لینے کی توفیق بخشے۔ (وکیل المال اوّل تحریک جدید)

ضروری اعلان برائے لجنات:

مجلسِ شوریٰ میں لجنہ مرکزیہ کا چندہ ممبری کے متعلق ہونے والا فیصلہ کہ ہر سروس کرنے والی بہن ایک روپیہ فی صد آمد پر ادا کرے کے مطابق اپنا نئے سال کا بجٹ دوبارہ اپنی لجنہ کی ممبرات کا جائزہ لے کر تیار کر کے دفتر لجنہ مرکزیہ میں جلد از جلد بھجوائیں۔ اسی طرح سالانہ اجتماع کا ڈیڑھ روپے سالانہ فی ممبر پر بجٹ بنائیں۔ شکریہ۔ (سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

قراردادِ تعزیت

جماعت احمدیہ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ نے اپنے اجلاس میں جو مورخہ ۱۰ دسمبر بعد از نماز جمعہ زیر صدارت جناب میاں بشیر احمد صاحب پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ علی پور چٹھہ منعقد ہوا۔ دو نوجوان خدام احمدیت محترم بشارت الرحمٰن صاحب قمر مربی سلسلہ احمدیہ اور عزیزم طاہر محمود چٹھہ صاحب کی حادثہ میں اچانک وفات پر مندرجہ ذیل قرارداد تعزیت منظور کی۔ تمام ممبران جماعت احمدیہ علی پور چٹھہ محترم بشارت الرحمٰن صاحب مربی سلسلہ اور عزیزم طاہر محمود چٹھہ کی اچانک وفات پر دونوں خاندانوں سے اپنے دلی غم و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ موصوف دینی تربیتی کام کے سلسلہ میں جماعتوں کا دورہ کر کے واپس مدرسہ چٹھہ جا رہے تھے کہ حادثہ کا شکار ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کی مغفرت فرمائے۔ اپنے قرب میں جگہ دے۔ اور دونوں کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ہم جناب میاں عبدالرحمٰن صاحب والد بشارت الرحمٰن صاحب مرحوم اور چوہدری فقیر محمد صاحب چٹھہ والد طاہر محمود کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ (ہم ہیں اراکین جماعت احمدیہ علی پور چٹھہ)

درخواست ہائے دعا

● عزیزم مکرم عابد محمود صاحب چوہدری ابن چوہدری محمد اعظم صاحب مکرم رانا ریاض احمد صاحب ابن رانا نذیر احمد صاحب آف سمبڑیال اور بعض دوسرے دوستوں کو ۸ دسمبر کو سمبڑیال کے قریب سوزکی وین کے حادثہ میں چوٹیں آئی ہیں احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ سب احباب کو کامل صحت عطا فرمائے۔ آمین

(بشارت احمد محمود مربی سلسلہ مقیم سمبڑیال)

● میرے تایازاد بھائی مکرم وسیم احمد کو ۱۰ دسمبر کو ملتان میں دوبارہ عارضہ قلب کا حملہ ہوا۔ حالت کافی پریشان کن ہے مگر ڈاکٹروں کی فوری توجہ کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیماری پر قابو پا لیا گیا ہے لیکن بیماری مکمل طور پر دور نہیں ہوئی احباب جماعت سے ان کی جلد اور کامل صحت کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(قاضی عبدالسمیع طارق۔ قاضی پرنٹنگ پریس گنج۔ لاہور)

ضروری اعلان

احباب جماعت کی آگاہی کے لیے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جماعت میں کھیلوں کے فروغ کے لیے مجلس صحت قائم فرمائی ہے جس کا عارضی دفتر وقف جدید کے دفتر میں قائم کیا گیا ہے کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے احباب سے درخواست ہے کہ دفتر وقف جدید میں تشریف لا کر مجلس صحت سے رابطہ کریں اور ضروری کوائف سے آگاہ فرمائیں۔

چوہدری سلطان احمد سیکرٹری مجلس صحت

سیکرٹریان مال جماعت احمدیہ سے التماس

اگر آپ کے پاس وقفِ جدید دفتر اطفال کا جمع شدہ پڑا ہو تو براہ مہربانی جلد از جلد خزانہ صدر انجمن احمدیہ کو ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ تاصحیح صورتحال کا اندازہ لگانے میں دشواری نہ ہو۔

(سیکرٹری وقفِ جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

اے خدا تو اپنے فضل اور عطا بھی بڑھاتا چلا جا اور ..... ہمارے مانگنے کا ظرف بھی بڑھاتا چلا جا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ ۹ جولائی ۱۹۸۲ء میں صدر انجمن احمدیہ کے چندوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تحریک فرماتے ہوئے فرمایا:۔

"خدا کے کام تو نہیں بدلا کرتے۔ دین کی ضرورتیں تو نہیں بدلا کرتیں اس لیے ہمیں یہ التجا کرنی چاہیئے کہ اے خدا جو فضل تو نے جاری فرما دیا اُسکو جاری رکھ مزید دعا کے ساتھ کہ اے خدا تو اپنے فضل اور عطا بھی بڑھاتا چلا جا اور ہماری بھوک بھی بڑھاتا چلا جا۔ ہمارے مانگنے کا ظرف بھی بڑھاتا چلا جا۔ ہمارے ان دونوں کے درمیان دوڑ شروع کر دے اور خود تیری عطا کردہ ایک ایسی پیاری دوڑ چل پڑے کہ جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث دو گھوڑوں کی مثال دیا کرتے تھے۔ ایسی ہی صورتحال پیدا ہو جائے۔"

(بحوالہ الفضل ۸۲-۷-۲۰) (ناظر بیت المال آمد ربوہ)

نماز کے بارہ میں حضرت المصلح موعود کے دو ارشادات

۱۔ جس وقت کوئی شخص کسی نماز کو چھوڑتا ہے اسی وقت وہ احمدیت سے خارج ہو جاتا ہے۔ (الفضل ۷ جون ۱۹۴۲ء)

۲۔ جو شخص نماز چھوڑتا ہے میں اس کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کو کبھی بھی ایمان کی موت نصیب نہ ہوگی۔ موت سے پہلے ضرور کوئی ایسا حادثہ اسے پیش آ جائے گا جس کی وجہ سے وہ ایمان سے محروم ہو جائے گا اور اس طرح وہ بے ایمان ہو کر مرے گا۔

(الفضل ۲۸ دسمبر ۱۹۲۳ء) (مرسلہ عبدالمالک نمائندہ خالد/تشحیذ الاذہان لاہور)

پانچ ہزار واقفین عارضی کی ضرورت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

"جماعت کو بڑے زور کے ساتھ اس طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے کم از کم پانچ ہزار واقفین کی ضرورت ہے جو ہر سال دو ہفتہ سے چھ ہفتہ تک کا عرصہ دین کی خدمت کے لیے وقف کریں۔" (الفضل ۲ نومبر ۱۹۶۶ء)

سالِ رواں کے ختم ہونے میں صرف ایک ماہ باقی رہ گیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں وقف عارضی کی مبارک تحریک میں حصہ لیکر حضورؒ کے اس مطالبہ کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن) ربوہ)

اللہ تعالیٰ کے ساتھ صدق و سداد کا معاملہ کریں!

کُل آمد پر شرح کے مطابق لازمی چندہ جات کی ادائیگی کی تحریک فرماتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ ۲۳ جولائی میں فرمایا:۔

"پس اللہ تعالیٰ جو دینے والا ہے جو رازق ہے اُس کے ساتھ صدق و سداد کا معاملہ کرو۔ تمہاری قربانیاں بھی کام آئیں گی اور ان قربانیوں کے نتیجہ میں تم مزید فضلوں کے وارث بنائے جاؤ گے خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے تم کیوں خوف کھاتے ہو۔ یہی تو وہ خرچ ہے جو برکتوں کا موجب ہے"

(بحوالہ الفضل ۸۲/۸/۲۸) ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مجھے پہلے بچے سے نوازا ہے نومولود محترم کریم احمد صاحب ناصر ابن ماسٹر ضیاء الدین صاحب ارشد (مرحوم) کا نواسہ اور محترم مستری چھٹہ محمد ابراہیم صاحب (مرحوم) کا پوتا ہے نومولود کا نام "عاطف منصور ساجد" تجویز کیا گیا ہے احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک و صالح اور خادم دین بنائے اور لمبی عمر سے نوازے آمین

(اسحاق ساجد دارالعلوم شرقی ربوہ حال ملتان چھاؤنی)

ناظمین اطفال متوجہ ہوں

براہ کرم ماہوار مطالعہ کتب کی رپورٹ ماہانہ رپورٹ کے ساتھ بھجوایا کریں کہ کتنے اطفال نے ماہ واں میں مطالعہ کیا۔ (سیکرٹری تعلیم مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلانِ ولادت اور درخواستِ دعا

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم اور احسان سے اس عاجز کو مورخہ ۲۰ر دسمبر ۱۹۸۲ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ ولادت سے چند گھنٹے قبل سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دعائیہ شفقت نامہ موصول ہوا جس میں حضور نے عزیز نومولود کا نام "عطاء المنعم" تجویز فرمایا ہے۔ عزیز عطاء المنعم خالد احمدیت حضرت مولانا ابو العطاء صاحب جالندھری رحمہ اللہ تعالیٰ کا پوتا اور حضرت قاضی محمد رشید صاحب مرحوم سابق وکیل المال تحریک جدید کا نواسہ ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مذکورہ بالا دعائیہ خط میں ان الفاظ میں دعا سے نوازا ہے کہ "خدا تعالیٰ آپ کو زندگی پانے والا خوش بخت اور نیک آباؤ واجداد کے نقشِ قدم پر چلنے والا بیٹا عطا فرمائے" احبابِ جماعت و بزرگانِ سلسلہ سے اس دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیز عطاء المنعم کے حق میں حضور پرنور کی ان سب دعاؤں کو قبول فرمائے اور خلافت کی بابرکت دعا کے سایہ میں ہر جہت سے کامیاب زندگی سے نوازے آمین۔

(عطاء المجیب راشد۔ امیر و مبلغ انچارج۔ جاپان)

سالانہ نمبر

ماہنامہ خالد ربوہ جنوری ۱۹۸۳ء

ضخامت ۱۴۰ صفحات | ۱۹ رنگین تصاویر | یورپ کے اخبارات کے تراشوں سے بھرپور | قیمت صرف چھ روپے

الحمد للہ خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال بھی مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کو یہ توفیق ملی ہے کہ وہ جلسہ سالانہ پر اپنے معزز قارئین کی خدمت میں حضور ایدہ اللہ کے پہلے دورۂ یورپ پر مشتمل ماہنامہ خالد کا سالانہ نمبر پیش کرے۔

آپ اس میں کیا پائیں گے

- اجتماع خدام الاحمدیہ سپین اور غلبۂ اسلام کے تذکرہ پر مشتمل حضور کا افتتاحی خطاب
- حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دورۂ یورپ کی رنگین تصاویر
- حضور کے پہلے دورۂ یورپ کی اہمیت و افادیت پر مشتمل حضور کے ہمرکاب سابقین کے مضامین
- ممتاز احمدی شعراء کا منظوم کلام
- اور بہت سے دوسرے قیمتی مضامین
- اشتہارات کے محدود صفحات ——— محدود اشاعت

آج ہی ہمارے ایجنٹ حضرات، قائدینِ علاقہ و اضلاع و مجالس کے ذریعہ یا براہِ راست مرکز سے طلب فرما کر استفادہ فرمائیں!

قیمت صرف چھ روپے | آفسٹ کتابت و طباعت

(مینیجر ماہنامہ "خالد" ربوہ)

ضروری اعلان

حضور اقدس کی خدمت میں ڈاک کے سلسلہ میں بعض ضروری ہدایات

۱۔ جملہ احباب کی خدمت میں التماس ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں جو خطوط لکھے جائیں وہ دعا کی درخواست ہو یا کسی اور مضمون پر مشتمل ہوں۔ ہر خط صاف اور خوشخط لکھنا چاہیئے۔

۲۔ مضمون جامع اور مختصر ہو۔

۳۔ خط پر مکمل نام اور پتہ ضرور درج ہونا چاہیئے۔ مثلاً مکان نمبر۔ گلی نمبر وغیرہ۔ شہر اور مقام نمایاں ہو۔ مربیانِ سلسلہ احمدیہ اور عہدیدارانِ جماعت بھی اپنا ایڈریس لکھا کریں۔ صرف دستخط کرنا کافی نہیں۔

۴۔ لفافہ کے اوپر اپنا پتہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ چٹھی کے اندر مکمل ایڈریس لکھنا چاہیئے۔

۵۔ خط پر تاریخ درج کریں اور کسی پہلے خط کے تسلسل کی صورت میں دفتر کی چٹھی کا حوالہ ضرور دیں۔

۶۔ جن خطوط کا تعلق دفتر پرائیویٹ سیکرٹری کے ساتھ ہو اُن میں پرائیویٹ سیکرٹری کا نام نہیں لکھنا چاہیئے۔ بلکہ عہدہ کے لحاظ سے مخاطب کیا جائے۔

(پرائیویٹ سیکرٹری)

قابل تقلید قربانی

مکرم عطاء اللہ کلیم صاحب امیر و مبلغ انچارج امریکہ اطلاع دیتے ہیں کہ صد سالہ جوبلی فنڈ کے متعلق خطبہ سنکر ایک مخلص احمدی ڈاکٹر اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے ۴۵ ہزار ڈالر کا وعدہ کیا ہے اور اس میں سے ۵ ہزار ڈالر فوری طور پر ادا کر دیئے۔

احباب اس مخلص دوست کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے نیک مقاصد پورے فرمائے اور انہیں اپنے فضلوں سے نوازتا رہے۔ آمین۔

(وکیل المال ثانی تحریک جدید انجمن احمدیہ ربوہ)

لجنہ اماء اللہ بیرون پاکستان کی تحریک جدید میں مالی قربانی

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے تحریک جدید کے سال نو کے اعلان پر بیرون پاکستان جہاں مرد مجاہدین میں قربانی کی طرف توجہ پیدا ہوئی ہے وہاں مستورات میں بھی خاص بیداری کی رو چل پڑی ہے حتیٰ کہ اطفال اور ناصرات نے بھی تحریک جدید میں حصہ لینا شروع کر دیا ہے اس کی کسی قدر تفصیل ذیل میں درج ہے۔

۱۔ سویڈن :- ۲۳ بہنیں۔ جن میں سے ایک معاون خصوصی کی تحریک میں شامل ہوئی ہیں۔

۲۔ ناروے :- ۱۶ بہنیں۔ جن میں سے دو کو معاونین خصوصی کی تحریک میں حصہ لینے کی سعادت ملی ہے۔

۳۔ مسقط :- ۹ بہنیں اور ۷ اطفال و ناصرات

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان پر اپنا خاص فضل فرمائے اور انکی قربانی کو قبول فرماتے ہوئے ان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔ آمین۔

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید ربوہ)

اعلان گم شدگی

ایک عدد بیکوسا ٹیکل ۲۲ نمبر ۲۶۹۲۳۰ جو کہ جلسہ گاہ کی جنوبی جانب کرسیوں کے گیٹ کی قریبی گیلری کے نیچے پڑا تھا آج مورخہ ۱۲/۱۲/۸۲ کو پہلے اجلاس کے دوران گم ہو گیا ہے جس صاحب کو ملے مکان نمبر ۱۲/۵۲ دارالعلوم وسطی میں پہنچا کر مشکور فرمائیں۔

(عبدالحفیظ خان دارالعلوم وسطی مکان ۱۲/۵۲ ربوہ)

دواخانہ حکیم نظام جان کی طرف سے احبابِ جماعت کو

مبارک ہو نیا سال

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

حکیم انوار احمد جان — فون ۷۳۹۹۷ — پوسٹ بکس ۲۲۲

احباب جماعت کو نیا سال مبارک ہو

کیور ہومیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار ربوہ

فون ۶۰۶/۶۰۷

حضرت حکیم نظام جان کے مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) کی طرف سے دعا ہے کہ احباب جماعت کو اللہ تعالیٰ نیا سال مبارک کرے۔ اور ان کے گھروں کو خوشیوں سے معمور رکھے

—:— آمین —:—

حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۷ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ

۳ صلح ۱۳۶۲ ہش

خلافتِ رابعہ کے مقدس و بابرکت دور کا پہلا جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے درخشندہ نشانوں کا مہتم بالشان ظہور

جماعت احمدیہ کا ۹۰ واں جلسہ سالانہ ہمارے لئے ازدیادِ ایمان اور روحوں کی بالیدگی کے سامان مہیا کر کے نہایت درجہ کامیابی اور خیر و خوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ یوں تو خدائی بشارتوں کے تحت ہمارا ہر جلسہ سالانہ ہی خاص شان کا حامل ہوتا ہے اور بفضل اللہ خود اپنی ذات میں ایک مہتم بالشان آسمانی نشان ہونے کے ساتھ ساتھ متعدد نئے نشانوں کو ظہور میں لانے کا موجب بنتا ہے لیکن ہمارا ۹۰ واں جلسہ سالانہ جو ۲۶۔ ۲۷۔ ۲۸ دسمبر ۱۹۸۲ء کو ربوہ کی مقدس سرزمین میں منعقد ہوا، خلافتِ رابعہ کے نئے مقدس و مبارک دور کا پہلا جلسہ سالانہ ہونے کے باعث خاص الخاص شان اور غیر معمولی اہمیت کا حامل تھا۔ چنانچہ یہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے صداقت کے کئی مہتم بالشان نشانوں کو منصۂ شہود پر لانے کا موجب ہوا۔

چونکہ یہ جلسہ اس حال میں منعقد ہو رہا تھا کہ اس سے چند ماہ پیشتر ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدوں کے بموجب خلافتِ رابعہ کا قیام عمل میں لا کر جماعت کو اپنے ایک عظیم الشان فضل سے نوازا تھا اس لئے ضروری تھا کہ احباب جماعت اس فضل عظیم اور احسانِ عظیم پر شکر گزاری کے جذبہ کے تحت دیوانہ وار کھنچے چلے آتے اور آئے بھی پہلے سے بہت بڑھ کر تعداد میں۔ دوسرے اللہ تعالیٰ نے خلافتِ رابعہ کے قیام کے ساتھ ہی جماعت کو ایک اور عظیم الشان فضل سے بھی نوازا تھا اور وہ یہ کہ اس کی دی ہوئی توفیق سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو سپین میں قرطبہ کے قریب ساڑھے سات سو سال کے بعد تعمیر ہونے والی مسجد کا افتتاح فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس عظیم الشان فضل و احسان پر شکر گزاری کا بھی تقاضا یہی تھا کہ احباب جماعت اس تاریخی جلسہ پر سفر کی نت نئی مشکلات اور راہ میں پیش آنے والی صعوبتوں کو خاطر میں نہ لا کر پروانہ وار دوڑے چلے آتے اور بلحاظ تعداد شرکت کے تمام سابقہ ریکارڈ مات کر دکھاتے۔ سو اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی دی ہوئی توفیق سے جماعت احمدیہ کے وفا شعار اور فداکار افراد نے سفر کی تمام تر مشکلات اور صعوبتوں کے باوجود ملک کے کونے کونے سے ہی نہیں بلکہ مشرق و مغرب کے دور دراز علاقوں تک سے پہلے سے بہت بڑھ کر تعداد میں ربوہ پہنچ کر اور عجیب والہانہ انداز میں جلسہ میں شرکت کی سعادت سے بہرہ ور ہو کر ثابت کر دکھایا کہ وہ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوْرٍ ۝ (لقمان آیت ۳۲) کی رو سے کمال درجہ ہمت اور استقلال سے کام لینے والے نیز اللہ تعالیٰ کے بے حد شکر گزار بندے ہیں اور لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ کے اس زمانہ میں حقیقی مصداق ہیں۔ جبھی تو امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ میں شرکت کرنے والے احباب کی تعداد سوا دو لاکھ کے قریب جا پہنچی۔ اس تعداد میں مرد، مستورات، نوجوان، بوڑھے، بچے، جماعتی نظام کے تحت لنگروں سے استفادہ کرنے والے، خورد و نوش کا اپنے طور پر انتظام کرنے والے، جماعتی قیام گاہوں میں ٹھہرنے والے، اپنے رشتہ داروں، عزیزوں اور دوستوں کے ہاں قیام کرنے والے، سرگودھا، فیصل آباد اور آس پاس کے علاقوں میں اپنی موٹروں وغیرہ میں روز کے روز آنے والے سبھی شامل ہیں۔

پھر ان احباب نے جلسہ سالانہ کے تین دن بڑے ذوق و شوق سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پُر معارف خطابات اور علمائے سلسلہ کی ایمان افروز تقاریر سننے، ذکرِ الٰہی اور دعاؤں میں مصروف رہنے، مسجد مبارک اور ربوہ کی تمام دوسری مساجد میں باجماعت نمازیں اور باجماعت نماز تہجد ادا کرنے میں بسر کئے وہ بجائے خود اپنی ذات میں ایک مہتم بالشان نشان ہے!

م فرض نمازوں اور نماز تہجد کے دوران ربوہ کی مساجد سراپا سوز و گداز نمازیوں سے چھلک چھلک پڑتی تھیں۔ ظہر اور عصر کی باجماعت نمازیں تو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اقتداء میں جلسہ گاہ اور اس سے ملحقہ کھلے قطعات میں ادا کی جاتی تھیں۔ فجر، مغرب و عشاء اور آخر شب نماز تہجد کے وقت مساجد اس طرح پُر ہو جاتیں کہ ان میں تل دھرنے کو جگہ نہ رہتی۔ اور بہت سے احباب کو انتہائی شدید سردی کے باوجود مساجد کے صحنوں میں کھلے آسمان کے نیچے نمازیں ادا کرنی پڑتیں۔ محبتِ الٰہی کی تپش انہیں سردی کا احساس نہ ہونے دیتی اور وہ مساجد کے صحنوں کے یخ بستہ فرشوں پر اپنے ربِ کریم کے حضور سجدہ ریز ہو کر کمال

(باقی دیکھیں صفحہ ۶ پر)

نعتِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

ہے نامِ نامی تمہارا لب پر درود تم پر سلام تم پر

اِدھر بھی ہو اِک نگاہ سرور۔ درود تم پر سلام تم پر

تمہی ہو شمعِ حریمِ داور۔ درود تم پر سلام تم پر

ہیں تم سے دونوں جہاں منوّر۔ درود تم پر سلام تم پر

چمن چمن تذکرہ تمہارا۔ یہ کہکشاں راستہ تمہارا

تمہاری خوشبو گلوں کے اندر۔ درود تم پر سلام تم پر

دہن ہے سرچشمۂ صداقت۔ زباں ہے گنجینۂ فصاحت

لبوں پہ قربان موجِ کوثر۔ درود تم پر سلام تم پر

تمہارے نقشِ قدم سے پائی ہے خاک نے ایسی سربلندی

زمیں کو ہے فوقِ آسماں پر۔ درود تم پر سلام تم پر

رہِ وفا سے ہٹائے گا کیا۔ زمانہ اس کو مٹائے گا کیا

تمہاری سیرت ہو جس کی رہبر۔ درود تم پر سلام تم پر

ہم اور اب کس کے در پہ جائیں۔ کسے غمِ زندگی سنائیں

تمہی تو ہو بیکسوں کے یاور۔ درود تم پر سلام تم پر

کبھی تو آئے گا وہ زمانہ۔ کبھی تو ہوگا مرا بھی جانا

کہوں گا روضہ پہ سر جھکا کر۔ درود تم پر سلام تم پر

شبِ الم روکشِ سحر ہو۔ کرم کی آقا بس اک نظر ہو

بلا لو ثاقب کو اپنے در پر۔ درود تم پر سلام تم پر

ثاقب زیروی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کا ایک مقصد زمین کے کناروں تک خدا تعالیٰ کا پیغام پہنچانا ہے : وکیل صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

روزنامہ الفضل ربوہ کا

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نمبر

اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی دی ہوئی توفیق سے ادارہ الفضل انتہائی عاجزی و انکساری کے ساتھ مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۸۳ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں ایک خصوصی اور یادگار اشاعت پیش کر رہا ہے۔ یہ شمارہ ۱۰۰ صفحات پر مشتمل ہے جس میں ۴۰ صفحات ۱۱۰ تصاویر پر مشتمل ہیں۔ اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی پاکیزہ اور مطہر زندگی کی جھلکیاں، آپ کے حسن و احسان اور محبت و شفقت کے روح پرور واقعات، اور آپ کے دورِ خلافت کے کارہائے نمایاں پر مشتمل متعدد مضمون شاملِ اشاعت ہیں مضمون نگاروں میں محترم صاحبزادہ مرزا ظفر احمد صاحب مولانا دوست محمد صاحب شاہد، ڈاکٹر منصور احمد خان صاحب ڈاکٹر سلطان محمود صاحب شاہد رانا محمد خان صاحب، کرنل (ریٹائرڈ) دلدار احمد صاحب اور متعدد دیگر احباب و خواتین شامل ہیں جن کی تعداد تین درجن سے متجاوز ہے۔ شعراء میں محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ، مکرم عبدالمنان ناہید صاحب اور دیگر اہم شعراء کا منظوم کلام شاملِ اشاعت ہے۔ اس ضخیم و مصور خاص نمبر کی قیمت ۱۰/- روپے ہے۔ قارئین و ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔

(مینیجر الفضل)

منصوبہ بیوت الحمد۔ احمدی آرکیٹیکٹس اور انجینئرز کیلئے وضاحت

بحوالہ اعلان در "الفضل" مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۹۸۲ء سستے آرام دہ پانچ چھ افراد کے کنبے کے لئے ڈیزائن مندرجہ ذیل پلاٹوں کے لئے ایک ماہ کے اندر اندر بھجوائیں:۔

(۱) ۵ مرلے کا پلاٹ ۳۰ فٹ x ۴۵ فٹ
(۲) ۷ " " " ۳۵ x ۵۵ "
(۳) ۱۰ " " " ۴۱-۳" x ۶۶ "

(ا) تعمیر صرف پچاس فیصد رقبہ میں ہو سکیگی
(ب) سڑک چھوٹی سائڈ کی طرف فرض کی جائے
(ج) سمت پلاٹ ابھی متعین نہیں ہوئی۔ بہترین نقشہ کے مطابق پلاٹ بندی کرنیکی کوشش کی جائے گی۔

(چیئرمین ایسوسی ایشن)

دلچسپ مقابلہ معلومات

مجلس علمی جامعہ احمدیہ کے زیر اہتمام مورخہ ۱۵ مارچ ۱۹۸۳ء بروز منگل ایک دلچسپ مقابلہ معلومات عامہ جامعہ ہال میں منعقد ہو رہا ہے مقابلہ ٹھیک سوا چار بجے بعد دوپہر شروع ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے احباب سے درخواست ہے کہ تشریف لا کر ٹیموں کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

(فضیل عیاض احمد مساعد التحریر مجلس علمی جامعہ احمدیہ ربوہ)

ناصرات الاحمدیہ کا سالانہ مرکزی امتحان

ناصرات کا سالانہ مرکزی امتحان لائحہ عمل میں درج شدہ نصاب کے مطابق یکم مئی ۱۹۸۳ء کو ہوگا (انشاء اللہ) ناصرات کی سیکرٹریان ۱۵ مارچ تک دفتر لجنہ مرکزیہ کو اطلاع دیں کہ انہیں تینوں معیاروں کے لئے الگ الگ کتنے پرچوں کی ضرورت ہے۔ کسی کے پاس لائحہ عمل نہ ہو تو وہ بھی مرکز سے منگوالے۔

(سیکرٹری ناصرات مرکزیہ)

(بقیہ اداریہ صفحہ ۲)

طرف ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت بڑھے اور دوسری طرف جب اللہ تعالیٰ کی نصرت معجزانہ طور پر آئے تو ان کے ایمان بڑھیں اور کفار میں سے جو غور کرنے والے ہوں انہیں ہدایت حاصل ہو۔ چنانچہ فرماتا ہے کہ جب یہ غرض پوری ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرما دیتا ہے کہ لو اب ہماری مدد آگئی۔"

(تفسیر سورۃ البقرہ صفحہ ۴۶۷، ۴۶۸)

اس سے ظاہر ہے کہ یوں تو مومنوں پر آنے والے ابتلاؤں میں بہت سی حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں لیکن ان میں سب سے اہم اور عظیم حکمت یہ ہوتی ہے کہ مومنوں کو کمال خشوع و خضوع اور درد و الحاح سے دعائیں کرنے کی توفیق ملے اور خدا تعالیٰ ان دعاؤں کو قبول کر کے انہیں معجزانہ تائید و نصرت سے نوازے اور اپنی قدرتوں کے عظیم جلوے دکھا کر ان کے ایمان کو بڑھائے اور اس طرح اپنے رب کریم کے ساتھ ان کا تعلق مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جائے۔ مقبول دعاؤں کی توفیق کا ملنا ہی ابتلاؤں کی سب سے اہم اور بنیادی حکمت ہوتی ہے اور اسی کے نتیجہ میں تمام دوسری حکمتوں اور ان کے نتیجہ میں ملنے والی برکتوں اور رحمتوں کے دروازے کھلتے ہیں۔

وقفِ عارضی کی اہمیت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ فرماتے ہیں:۔

"وقفِ عارضی کی ضرورت بہت ہے بات یہ ہے کہ جماعت کا ایک حصہ بھول گیا ہے کہ افرادِ جماعت خود مربی سلسلہ ہیں اور مربیوں کی تعداد میں جو تھوڑا بہت اضافہ ہوا ہے وہ کافی نہیں جماعت سمجھتی ہے کہ اصلاح و ارشاد کا کام مربیوں کا ہے۔ حالانکہ ہر احمدی کو بڑی توجہ کے ساتھ اصلاح و ارشاد کا کام کرنا چاہیئے۔ یہ توجہ پیدا کرنے کے لئے اور جماعت میں اصلاح و ارشاد کا شوق پیدا کرنے کے لئے میں نے وقفِ عارضی کی سکیم جاری کی ہے۔ اس میں روحانی فوائد بھی ہیں اور جسمانی فوائد بھی۔"

(الفضل ۳ نومبر ۱۹۷۱ء)

احباب کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں وقفِ عارضی میں اللہ تعالیٰ سب کو توفیق عطا فرمائے۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن)

لجنات بیرونِ پاکستان اور تحریک جدید

لجنات بیرونِ پاکستان کی اطلاع کے لئے تحریک جدید معاونین خصوصی کے معیار درج ذیل ہیں

امریکہ و کینیڈا۔ صفِ اوّل۔ ۳۰۰ ڈالر سے زائد
صفِ دوم۔ ۱۵۰ " " "
دیگر ممالک۔ صفِ اوّل۔ ۱۰۰ پونڈ سے زائد
صفِ دوم۔ ۵۰ " " "

(سیکرٹری تحریک جدید لجنہ مرکزیہ۔ ربوہ)

زعماء کرام انصار اللہ

سالِ رواں کا دوسرا ماہ اختتام پذیر ہو رہا ہے براہِ کرم کوشش فرماویں، بجٹ کے مقابل کم از کم تدریجی وصولی ماہ بماہ ارسال کرتے رہیں۔

(قائد مال مجلس انصار اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

احمدی والدین امتحان کا نتیجہ نکلنے پر اپنے بچوں کے نتائج نظارت تعلیم کو بھجوائیں (ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بقیہ :- انڈونیشیاء

رہے اور دنیا میں حقیقی اسلامی تعلیم پھیلانے میں حضور کی اعانت فرمائے۔

پیاری بہنو! ہم اپنے گہرے احساسات کا اظہار نہیں کر سکتیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے سچی محبت ہم تمام بہنوں میں پیدا کی ہے جو یہاں آسمانی برکات حاصل کرنے کے لئے آئی ہیں۔ جن کا آغاز حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیا تھا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے التجا کرتی ہیں کہ وہ ہماری یہاں آنے کی حقیر قربانی کو اپنے فضل سے قبول فرمائے اور ہمارے دلوں میں ایسا روحانی انقلاب پیدا فرمائے جس سے ہم ہمیشہ ایمانی تروتازگی اور حلاوت محسوس کرتی رہیں۔

عزیز بہنو! میں مختصر سا خاکہ انڈونیشیا کی لجنات کا پیش کرنا چاہتی ہوں۔ انڈونیشیا میں ۸۵ مقامات پر لجنات قائم ہیں جو انڈونیشیا کے مختلف صوبوں میں پھیلی ہوئی ہیں اور ۶۵ لجنات باقاعدگی سے کام کرتی ہیں۔ موجودہ حالات میں ہر دو ماہ کے بعد ہم ایک رسالہ شائع کرتی ہیں جس کا نام "لجنہ ایڈیشن" ہے اب تک اس کے ۶۶ شمارے شائع کئے جا چکے ہیں اس کے علاوہ ہماری لجنہ ہر پندرہ دن کے بعد لجنہ کا ایک بلٹن بھی شائع کرتی ہے جس میں لجنات کی کارگزاری اور ہدایات درج کی جاتی ہیں۔ ہم اپنی بہنوں سے درخواست کرتی ہیں کہ دعا کریں کہ ہم باقاعدگی سے رسالہ اور بلیٹن کی اشاعت جاری رکھ سکیں۔

ہم اپنی ان تمام بہنوں سے جو یہاں موجود ہیں التماس کرتی ہیں کہ براہ مہربانی ہماری قوم اور ملک کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں توفیق عطا فرمائے کہ وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سچی تعلیم کو پہچانیں اور اس روحانی آواز کی اس زمانے میں قدر پہچانیں۔

عزیز بہنو! میں نہایت مسرت سے آپ کو مطلع کرتی ہوں کہ انشاء اللہ ہم اپنا ساتواں اجتماع ۱۵ سے ۱۷ جنوری کو اپنے دارالخلافہ جکارتہ میں منعقد کر رہے ہیں۔ اس اجتماع میں ہم ایک تبلیغی اخبار کا انتظام کر رہی ہیں تاکہ ہم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم کو انڈونیشیا کی خواتین میں متعارف کروا سکیں۔ ہم عاجزی سے آپ سے استدعا کرتی ہیں کہ اس اجتماع کی کامیابی کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو ہم سب کے لئے بابرکت فرمائے آمین۔

آخر میں مولا کریم سے دعا کرتی ہوں کہ وہ ہماری کوتاہیوں کو معاف فرمائے اور وہ ہمیں اسلام کی حقیقی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں اگلے برس بھی اس جلسہ سالانہ پر اکٹھے ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

(امۃ العزیز ادریس، آفس سیکرٹری لجنہ مرکزیہ۔ ربوہ)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے ارشاد کیمطابق الفضل کی توسیع اشاعت میں بڑھ چڑھکر حصہ لیں۔ (مینیجر)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی مصروفیات

۵ تا ۷ مارچ ۱۹۸۳ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۵ تا ۷ مارچ کے تین دن کے عرصہ میں ۸۵ احباب سے ملاقات فرمائی۔ ان میں ۷ احباب دفتری مقاصد کے لئے آئے تھے۔ بعض احباب اپنے اہل خانہ کے ہمراہ تھے بیرونی ممالک امریکہ، ناروے، جرمنی، مشرق وسطیٰ وغیرہ ممالک سے آئے ہوئے بعض احباب نے بھی ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ روئنگ (کشتی رانی) کی ایک ٹیم کے کھلاڑیوں نے بھی ملاقات کی۔

ان تین دنوں میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو اندرون و بیرون پاکستان سے اور جماعتی دفاتر سے ۳۰۶۱ خطوط موصول ہوئے ان میں سے ۴۹۴ خطوط بیرون پاکستان دنیا بھر کے ۴۰ ممالک سے آئے تھے اور ۱۷۰ خطوط ربوہ کے مختلف دفاتر سے آئے تھے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان تین دنوں میں کل ۲۱۶۰ خطوط کے جوابات دیئے۔ ان میں سے ۵۲۸ خطوط کے جواب حضور کے دستخطوں سے دیئے گئے اور ۱۹۰ خطوط ربوہ کے مختلف جماعتی دفاتر کو بعض استفسارات رپورٹوں اور ہدایات پر مشتمل حضور نے ارسال فرمائے اور ۱۴۴۲ خطوط کے جوابات حضور ایدہ اللہ کے پرائیویٹ سیکرٹری کی طرف سے دیئے گئے۔

حضور نمازیں حسب معمول مسجد مبارک میں پڑھاتے رہے۔

جماعتِ احمدیہ کی چونسٹھویں مجلس مشاورت

جملہ امراء اضلاع جماعت ہائے احمدیہ کی خدمت میں ضروری گذارش

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے امسال جماعت احمدیہ کی مجلس مشاورت انشاء اللہ مورخہ یکم، ۲، ۳ اپریل ۱۹۸۳ء / شہادت / ہجرت ۱۳۶۲ بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار ایوانِ محمود ربوہ میں منعقد ہوگی۔

۱۔ نمائندگان شوریٰ کے اسماء گرامی ۱۵ مارچ / امان تک پہنچ جانے چاہئیں۔ امراء صاحبان اس بات کا اہتمام فرمائیں کہ نمائندگان کا انتخاب جماعتوں کے اجلاس عام میں ہو اور حسب قواعد ہو۔

۲۔ نمائندگان شوریٰ کی اطلاعات میں یہ تصدیق آنی بھی لازمی ہے کہ نمائندگان (مطابق قواعد شوریٰ) چندوں کے بقایا دار نہیں ہیں۔

۳۔ مطابق فیصلہ مجلس مشاورت ۱۹۷۶ء ایک چوتھائی نمائندگی تیس ۳۰ سال سے کم عمر والوں کی ہونی چاہیئے۔

۴۔ نمائندگان اسلامی شعار کے پابند اور باریش ہوں۔

۵۔ امراء اضلاع کی خدمت میں یہ بھی گذارش ہے کہ ان کی طرف سے امسال جن جماعتوں کو (مقررہ تعداد کے مطابق) نمائندگی کا حق دیا جا رہا ہے ان کی اطلاع یکم مارچ تک دفتر ہذا میں بھجوا کر ممنون فرماویں۔

(سیکرٹری مجلس مشاورت)

اعلانِ تعطیل

بتاریخ ۱۲ مارچ ۱۹۸۳ء روزنامہ الفضل ربوہ کا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کا نمبر شائع ہو رہا ہے۔ اس تاریخی اور یادگار اشاعت کے موقع پر اس نمبر کے شائع ہونے کے اگلے دن مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۸۳ء بروز اتوار دفتر الفضل میں تعطیل ہوگی۔ لہذا اس روز پرچہ شائع نہیں ہوگا۔ قارئین اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

اکسیر اپھارہ

شفتل اور برسیم سے ہونیوالا جانوروں کا اپھارہ منٹوں میں غائب۔ قیمت فی پیکٹ ۲/۵۰ درجن ۲۲/۵۰۔ گرس ۲۵۲/ بونس علاوہ

تفصیلات کیلئے کیورٹیو ویٹرنری گائیڈ مفت

کیورٹیو ڈیلیس (ڈاکٹر راد ہومیو) کچہری چوک ربوہ فون ۶۰۶۶ ۶۰۷

کیورٹیو ویٹرنری سنٹر۔

شادی میڈیکوز گول چنیوٹ بازار فیصل آباد

لیٹ داخلہ

ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ اور الیکٹریشن ٹریڈز میں لیٹ داخلہ ۱۰ مارچ تک شروع رہے گا

الشفیق ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر ربوہ

ہر فرد کا کہنا سادات پنکھا ہی لانا

سادات پنکھے ۵ سال

رجسٹرڈ گارنٹی کم قیمت اعلیٰ معیار

خوبصورت رنگ ۔ سوم ڈلیوری سکیم ۔ مساجد کے لئے خصوصی رعایت

نیز پرانے پنکھوں کی مرمت کا بہترین انتظام۔ اسکے علاوہ کارٹنگ کا انتظام ہے۔

ڈیلرز:- اقبال ٹریڈرز احمدیہ مارکیٹ گولبازار ربوہ فون ۴۱۲

اسکے علاوہ انٹرنیشنل ٹریڈرز کمیٹی مارکیٹ گولبازار ربوہ فون ۵۰۸

اندھیروں میں اجالا ——— خزاں میں بہار

چہرہ کا نکھار

کوئیک بیوٹی کریم

ملنے کا پتہ ۔ قیمت :- 9/50

گفٹ سنٹر باجوہ مارکیٹ ربوہ